


بات چیت کے لیے:

1۔ اپنی بات دوسروں تک پہنچانے کے لیے اس تصویر میں کون کون سے طریقے استعمال کیے جا رہے ہیں؟ 2۔ کیا آپ کبھی ڈاک گھر گئے ہیں؟ 3۔ آپ ڈاک گھر کن کن کاموں کے لیے جاتے ہیں؟ 4۔ خبریں کن کن طریقوں سے ملتی ہیں؟

5۔ موبائل کا استعمال بات چیت کے علاوہ کن کن کاموں کے لیے کرتے ہیں؟


ڈاک گھر
ضلع مُراری
خط

2 بات چیت

ہم سیکھیں گے

ا	ای	ب	ت
م	ٹ	چ	خ	کھ

- 10 سے 20 تک کے اعداد پہچاننا پڑھنا اور لکھنا۔
- 20 تک کے اعداد کو جوڑنا گھٹانا۔

تصویر سے اندازہ لگا کر پڑھیے



اخبار




مائک



بات چیت




موبائل



خط



ٹیلی ویژن



ایس ایم ایس



ٹیلی فون



لیٹر باکس

استاد کے لیے ہدایت: ساتھیوں سے سبھی تصویروں کی پہچان کروائیں۔ تصویر کے نیچے ان سے متعلق الفاظ دیے گئے ہیں۔ تصویر کی بنیاد پر لفظوں کو اندازہ لگا کر پڑھوائیں۔

تصویر سے اندازہ لگا کر پڑھیے

آپ کے گھر اور آپ کے آس پاس ان میں سے کن چیزوں کا استعمال ہوتا ہے۔

(✓) صحیح کا نشان لگایئے:





ریڈیو

ٹیلی ویژن






لیٹر باکس

قلم

پڑھیے اور لکھیے

اِ



اِملی



اِک تارہ

اِ

اِ

ای



ایکھ



ای۔میل

ای

ای

ب



بس



بچّے

ب ـبـ

با




بادل



بال

با ـبـا

ب



بجلی



بِلّی

ب

بی



بیج




بین


بی

استاد کے لیے ہدایت: تصویر دیکھ کر لفظ پڑھنے میں ساتھیوں کی مدد کریں اور ان سے حروف لکھوائیں۔ دی گئی جگہ میں تصویر کا نام لکھوائیں۔

ت



تربوز



تکیہ

ت ت

تا



تارا



تالا

تا تا

تِ




تتلی



تجوری

ت

تی




تیلی




تیر

ت

م



مچھلی




مگرمچھ

م

ما




مالش



مال گاڑی

مِ



مٹھائی




مِل

مِ

می



میل کا پتّھر



میٹر ٹیپ

می

خ



خرگوش



خطرہ

خ

خا



خاندان



خاکی وردی

خا

کھ



کھپریل




کھیت

کھا




کھاتا



کھاٹ

کھِ



کھلونا



کھلاڑی

کھی




کھیر



کھیل

ٹ




ٹم ٹم



ٹن ٹن

ٹ

ٹا




ٹا ٹا




ٹائی

ٹا

ٹ ـِ



ٹِڈا



ٹکیہ

ٹ ـِ

ٹ ـِ ی



ٹیلہ




ٹیکہ

ٹ ـِ ی

چ




چمچ




چرخہ

چ

چا



چاقو




چارپائی

چا

چ




چڑیا



چِٹھّی

چ

چی



چینی



چیل

چی

اسکول کو چٹھّی

04-02-2022

میڈم

آداب

ہماری لڑکی ببلی آپ کے اسکول میں نویں جماعت میں پڑھتی ہے۔ہم دو ماہ کے لیے گاؤں چلے گئے تھے۔ہم اب گاؤں سے واپس آگئے ہیں۔لیکن ببلی کا نام اسکول سے کٹ گیا ہے۔گزارش یہ ہے کہ ببلی کو پھر سے اسکول میں داخلہ دے دیجیے۔

شکریہ

آرتی

ببلی کی ماں



استاد کے لیے ہدایت: اوپر دی گئی چٹھی ساتھیوں کو پڑھ کر سنائیں اور ان سے اس پر بات چیت کریں کہ آپ کو کبھی چٹھّی لکھنے کی ضرورت پڑی ہے۔آگے دیے گئے سوالوں کے نیچے انگلی رکھ کر پڑھیے اور ساتھیوں سے ہاں یا نہیں پر (×) کا نشان لگانے کے لیے کہیں۔

پڑھیے اور بتائیے

سوال 1۔ کیا آپ کو کبھی چٹھی لکھنے کی ضرورت پڑی ہے؟ ہاں ☐ نہیں ☐

سوال 2۔ کیا آپ کے گھر کے آس پاس کوئی لیٹر باکس یا ڈاک گھر ہے؟ ہاں ☐ نہیں ☐

سوال 3۔ کیا آپ کبھی ڈاک خانے گئے ہیں؟ ہاں ☐ نہیں ☐

سوال 4۔ کیا ڈاک خانے میں آپ کا بچت کھاتہ ہے؟ ہاں ☐ نہیں ☐

دیکھیے پڑھیے اور لکھیے

'اِ' سے شروع ہونے والے لفظ کو پہچان کر لکھیے

چٹنی　　اِملی　　چٹخ　　تیس

'ای' سے شروع ہونے والے لفظ کو پہچان کر لکھیے

باٹ　　ٹِین　　ایکھ　　نئ

'کھا' سے شروع ہونے والے لفظ کو پہچان کر لکھیے

کھٹائی　　کھیت　　کھاد　　خرگوش

'ٹا' سے شروع ہونے والے لفظ کو پہچان کر لکھیے

چِمٹا　　نٹ کھٹ　　آٹا　　ٹالنا

'می' سے شروع ہونے والے لفظ کو پہچان کر لکھیے

مامی　　تیکھا　　میٹھا　　نیلا

'بِ' سے شروع ہونے والے لفظ کو پہچان کر لکھیے

بچت　　بِکھرنا　　بیچ　　چٹخنی

'خا' سے شروع ہونے والے لفظ کو پہچان کر لکھیے

کھیر　　سر پٹ　　کِھلاڑی　　خاطر

'چ' سے شروع ہونے والے لفظ کو پہچان کر لکھیے

چاچی　　چنا　　برنی　　چیل

'ما' سے شروع ہونے والے لفظ کو پہچان کر لکھیے

چمک　　ماما　　بیا　　چمنی

'پ' سے شروع ہونے والے لفظ کو پہچان کر لکھیے

پپیتا　　پِتا　　پائپ　　پیتل

میرا پسندیدہ کام

استاد کے لیے ہدایت: لفظ پڑھنے میں ساتھیوں کی مدد کریں۔ الگ الگ آوازوں والے الفاظ لکھنے کے لیے کہیں۔ یہ آوازیں لفظ کے شروع میں، بیچ میں یا آخر میں ہوسکتی ہیں۔ ساتھیوں کو حروف پہچاننے اور ان سے متعلق لفظوں کو پہچان کر لکھنے کی ترغیب دیں۔

آیئے گنتی پہچانیں





اس نوٹ میں 5 کتنی بار چھپا ہے۔نشان لگایے اور لکھیے





اس نوٹ میں 10 کتنی بار چھپا ہے نشان لگایئے اور لکھیے

آیئے مل کر گنتی کریں




دس نل 10




گیارہ پلنگ 11

استاد کے لیے ہدایت: ساتھیوں کو نوٹ کے آگے پیچھے والے حصہ پر لکھے نمبروں کو پہچاننے اور تصویر میں دی گئی چیزوں کو گننے کی طرف متوجہ کریں اور گننے کے لیے کہیں۔ چاہیں تو آس پاس کی موجودہ چیزوں کو بھی گن کر لکھ سکتے ہیں۔


12 بارہ پتّے




13 تیرہ الماریاں




14 چودہ پتنگ




15 پندرہ راکھیاں




16 سولہ ناریل




17 سترہ انار






اٹھارہ مچھلیاں 18



اُنیس موتی 19



بیس تیلیاں 20

- ہیما کے خاندان میں پانچ لوگ ہیں۔ آج اس کے گھر چار لوگ اور آ گئے ہیں۔ بتایئے ہیما کے گھر میں اب کُل کتنے لوگ ہیں؟


اور


مل کر ہوئے


5	پانچ لوگ اور	4	چار لوگ مل کر ہوئے	9	لوگ
5	+	4	ملا کر ہوئے	9	
5	+	4	=	9	


5+4=9

ساتھیوں کو تصویر کی مدد سے گننے کا موقع دیں تا کہ وہ دس سے بیس تک کے اعداد کو پہچان سکیں۔ حساب میں یہ (+) جمع کا نشان ہے۔ یہ (–) گھٹانے کا نشان ہے۔ یہ (=) برابر کا نشان ہے۔


نو کمپیوٹر میں سے دو کمپیوٹر خراب ہو گئے۔ بتایئے کتنے کمپیوٹر ٹھیک حالت میں ہیں؟



دو خراب کمپیوٹر



نو صحیح کمپیوٹر



صحیح حالت میں سات کمپیوٹر


9 کمپیوٹر میں سے – 2 کمپیوٹر خراب ہوئے = 7 کمپیوٹر صحیح حالت میں بچے

9 – 2 = 7 بچے

9 – 2 = 7 بچے

9 – 2 = 7

استاد کے لیے ہدایت: روزمرہ کی زندگی میں اکثر ایسے مواقع آتے ہیں جب دو اعداد کو جوڑنا ہوتا ہے۔ ساتھیوں کو ترغیب دیں کہ وہ الگ الگ ہندسوں کو جوڑ کر دیکھیں۔ چھوٹے نمبروں کا استعمال کرنا بھی سکھلائیں۔ چھوٹے اعداد کا استعمال سمجھائیں تا کہ وہ 9 تک گھٹا بھی سکیں۔



- ایک دُکان دار کے پاس ایک کمپنی نے موبائل کے 18ڈبّے بھیجے۔دکاندار نے اس میں سے 6ڈبّے دوسرے دکان دار کو بھیج دیے۔اب دکان دار کے پاس کتنے ڈبّے باقی بچے ہیں؟

جواب: .....



- ڈاکیہ نے پہلے دن 8خط بانٹے دوسرے دن اس نے 3خط بانٹے،ڈاکیہ نے کل کتنے خط بانٹے؟


جواب: .....

- ڈاکیہ کے پاس کل 15خط ہیں۔شام تک اس نے سارے خط بانٹ دیے؟اب ڈاکیہ کے پاس کتنے خط باقی بچے ہیں؟

جواب: .....

- جاوید کے پاس 20روپے ہیں۔اس نے 15روپے کے پھل خریدے اب وہ کتنے روپے اور خرچ کرے کہ اس کے پاس ایک بھی روپیہ باقی نہ بچے؟

جواب: .....



- کیلکولیٹر پر لکھے ہوئے عددوں کو دیکھیں۔ایسے دو عدد لکھیں جن کا جوڑ 10 آئے گا۔اسے کیلکولیٹر میں کر کے جانچ کیجیے۔

جیسے

پہلے 1 بٹن + پھر 9 بٹن 10

پہلے ____ بٹن + پھر ____ بٹن 10

پہلے ____ بٹن + پھر ____ بٹن 10

پہلے ____ بٹن + پھر ____ بٹن 10

- میرے لفظ

استاد کے لیے ہدایت: 'بات چیت' کے موضوع پر ساتھیوں سے بات چیت کیجیے۔ساتھیوں سے پوچھ کر اس موضوع سے جڑے 4-3 لفظ لکھیے یہ لفظ اپنی زبان کے بھی ہو سکتے ہیں۔جیسے لاؤڈ سپیکر کے لیے چُنگاوغیرہ موبائل، ٹیلی فون، خط وغیرہ بات چیت کے مختلف ذرائع ہیں۔اس پر بات چیت کریں۔

مل کر پڑھیے:

یہ 'اندھیر نگری' ڈراما کا ایک حصہ ہے۔ یہ ڈراما بھارتیندو ہریش چندر نے بہت پہلے لکھا تھا۔ اس وقت چیزوں کو کلوگرام یا گرام میں تولنے کے بجائے سیر، پاؤ سیر اور چھٹانک میں تولا جاتا تھا۔ اسی طرح خریدنے بیچنے کے لیے پیسے کی جگہ ٹکے کا استعمال ہوتا تھا۔

اندھیر نگری چوپٹ راجا، ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا



دکان دار: آٹا، دال، نمک، گھی، چینی، مسالہ اور چاول لیں ٹکے سیر

(گوبردھن داس بازار میں ہے۔ پرچون کی دُکان پر جاکر چیزوں کے دام پوچھتا ہے)

گوبردھن داس: کیوں بھائی آٹا کتنے سیر؟

دکان دار: ٹکے سیر

گوبردھن داس: اور چاول؟

دکان دار: ٹکے سیر

گوبردھن داس: اور چینی؟

دکان دار : ٹکے سیر



گوبردھن داس: اور گھی؟

دکان دار: ٹکے سیر

گوبردھن داس: سب ٹکے سیر ! سَچ مُچ

دکان دار: ہاں مہاراج، کیا میں جھوٹ بولوں گا

(گوبردھن داس سبزی والی کے پاس جاکر)

گوبردھن داس: کیوں بہن، بھاجی کیا بھاؤ؟

سبزی والی: باباجی ٹکے سیر ، نینوا، مولی، دھنیا، مرچ، ساگ سب ٹکے سیر

گوبردھن داس: سب بھاجی ٹکے سیر ! واہ! واہ! بہت خوشی ہوئی ہے، یہاں سبھی چیزیں ٹکے سیر !

(حلوائی کے پاس جاکر) کیوں بھائی حلوائی مٹھائی کتنے سیر؟

حلوائی: باباجی! جلیبی، گُلاب جامن، کھاجا، سب ٹکے سیر !

گوبردھن داس: واہ! بڑے مزے ہیں؟ کیوں بچہ مجھ سے مذاق تو نہیں کرتا؟ سچ مچ! سب ٹکے سیر؟

حلوائی: ہاں بابا جی، سچ مُچ سب ٹکے سیر۔ اس نگری کی چال ہی یہی ہے۔ یہاں سب چیزیں ٹکے سیر بِکتی ہیں۔

گوبردھن داس: کیوں بچہ! اس نگری کا نام کیا ہے؟

حلوائی: اندھیر نگری!



گوبردھن داس: اور راجا کا نام کیا ہے؟

حلوائی: چوپٹ راجا

گوبردھن داس: واہ! واہ! اندھیر نگری چوپٹ راجا
ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا

بھارتیندو ہریش چندر

استاد کے لیے ہدایت: ان مکالموں کو پڑھ کر سنائیں۔ پھر استاد اور ساتھی مل کر رول پلے کریں یا باری باری سے اپنے مکالمے پڑھیں۔

نوٹ